# یہ آگ تو تمہاری دشمن ہے چنانچہ جب تم سونے لگو تو اسے بجھا دیا کرو

ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ میں رات کے وقت ایک گھر جل گیا جب رسول اللہ ﷺ کو اس کے بارے میں بتایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ”یہ آگ تو تمہاری دشمن ہے چنانچہ جب تم سونے لگو تو اسے بجھا دیا کرو“۔

[صحیح] [متفق علیہ]

مدینہ میں رات کے وقت ایک گھر آگ لگنے کی وجہ سے جل گیا نبی ﷺ کو جب اس کی خبر ہوئی تو آپ ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا کہ یہ آگ تو ان لوگوں کی دشمن ہے جنہوں نے اس کو جلا رکھا ہو جب کہ وہ اس کے شعلوں کی لپٹ اور اس کی تپش سے احتیاط نہ کریں پھر نبی ﷺ نے لوگوں کو سونے سے پہلے آگ کو بجھا دینے کا حکم فرمایا تاکہ اس کے بھڑک اٹھنے اور جلا دینے جیسی مضرتوں کو دور کیا جا سکے۔

https://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4235

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY